اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ ، اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

# دُرود شریف کی فضیلت

**سرکارِ مدینہ**، راحتِ قلب وسینہ، صاحبِ معطّر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا فرمانِ عافیّت نشان ہے:
"اے لوگو! بے شک بروزِ قیامت اسکی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نَجات پانے والا شخص وہ ہو گا جس نے تم میں سے مجھ پر دنیا کے اندر بکثرت دُرود شریف پڑھے ہوں گے۔"

(اَلفِردَوس بمأثور الخطاب ج ۵ ص ۲۷۷ حدیث ۸۱۷۵)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ

| | | |
|---|---|---|
| 21،22 ذیقعدہ 1443ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی | 21،22 جون 2022ء |

## رحم اور نرم دلی کی فضیلت

❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سیدِ کائنات صَلَّی اللہ علیہ وَالہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا، "اُس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اللہ پاک صرف رحیم کو ہی اپنی رحمت عطا فرماتا ہے"۔ ہم نے عرض کی، "یارسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وَالہٖ وَسَلَّم کیا ہم سب رحیم ہیں؟" نبیِ اکرم صَلَّی اللہ علیہ وَالہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا، "کہ رحیم (رحم کرنے والا) وہ نہیں جو محض اپنی ذات اور اپنے اہلِ خانہ پر رحم کرے بلکہ رحیم وہ ہے جو تمام مسلمانوں پر رحم کرے۔" (شعب الایمان، باب فی رحم الصغیر وتوقیر الکبیر، ج ۷، ص ۴۷۸، رقم ۱۱۰۵۹)

❁ اسلام کے پہلے خلیفہ، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ اکرم صَلَّی اللہ علیہ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا، "اللہ پاک فرماتا ہے، "**اگر تم میری رحمت چاہتے ہو تو میری مخلوق پر رحم کرو۔**"

❁ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبیِ اکرم صَلَّی اللہ علیہ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا، "**بے شک اللہ پاک اپنے رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم فرماتا ہے۔**" (بخاری شریف، کتاب الجنائز، ج ۱، رقم ۱۲۸۴، ص ۴۳۴)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## 12 دینی کاموں کی اپ ڈیٹ

1. **کورسز کو 12 دینی کاموں میں شامل** کر دیا گیا ہے۔
2. انٹرنیشنل افیئرز ڈیپارٹمنٹ آفس میں کام کرنے والوں میں **کام/شعبہ جات کی تقسیم** کے مطابق از سرِ نو جائزہ لیا جائے، ضرورتاً مزید افراد کا تقرر بھی کیا جاسکتا ہے۔
3. مدنی مشورے کا حُسن یہ ہے کہ شرکائے مدنی مشورہ اخلاق کا دامن تھامے ہوئے **اپنی رائے** کا کھل کر اظہار کر سکیں۔
4. جب کوئی بولتا ہے تو اس کی **صلاحیتیں** کھل کر سامنے آتی ہیں۔
5. **ملک و بیرونِ ملک** 12 ماہ کے **سفری اخراجات** پر غور و فکر کیا جائے ' جہاں بچت ہو سکتی ہو ' بچت کی راہ اختیار کی جائے۔
6. جامعۃ المدینہ کے **کھانے کے اخراجات** (راشن/دالیں، گھی، چاول وغیرہ) خود کفالت ذمہ داران کے ذریعے وہاں کی غلہ منڈیوں سے پورے کیے جائیں۔
7. فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مختلف مدات میں **رقم خرچ کرنے کے مدنی پھول** (SOPs) تیار کیے جائیں اور تمام ذمہ داران کو اِس سے آگاہ کیا جائے، سپانسر کروانے کے لیے ترغیبی مدنی پھول، اخراجات خود کفیل کرنے کے لیے کیا کیا **اِقدامات** (مثلاً ڈونیشن سیل/ ڈونیشن کاؤنٹر/گھریلو صدقہ بکس/عطیات بکس/ماہانہ عطیات (Monthly Donation) وغیرہ) کیے جاسکتے ہیں؟ اس کی **مکمل** آگاہی دی جائے۔

8. حالات جیسے بھی ہوں، اپنا اور اپنے ماتحت کا حوصلہ کم نہ ہونے دیں، اگر کوئی آزمائش ہو بھی تو اس کا اظہار نہ ہونے دیں، عام طور پر **گھبراہٹ میں فیصلے** درست نہیں ہوتے۔

9. کامیاب قیادت کبھی بھی ناکام ہونے کے بارے میں نہیں سوچتی، **ہمیشہ کامیابی پر نظر** رکھتی ہے۔

10. **نئے اجیر کی اپروول**(Approval) کے لیے ایک مجلس بنائی گئی جس میں **3 اراکینِ شوریٰ** اور متعلقہ صوبائی مشاورت کے نگران ہوں گے۔ نیا اجیر رکھنے کے لیے اس مجلس کی **اجازت و تصدیق ضروری** ہے۔

11. نگرانِ پاکستان مشاورت، حاجی یعفور رضا عطاری اور حاجی اطہر عطاری **"اجیروں کو ٹرانسپورٹ کی سہولیات"** کے موضوع پر مدنی مشورہ کریں۔ **ہدف: 2 ہفتے**

12. مدنی مرکز کی طرف سے بیرونِ ملک بھیجے جانے والے مبلغین کی واپسی پر حتی الامکان **شرعی و تنظیمی احتیاطوں** کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اُن کی اُسی ذمہ داری (جہاں جس شعبے میں سفر سے قبل اجیر تھے) کی ترکیب کی جائے۔

13. جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ کے تربیت یافتہ، باصلاحیت، 12 دینی کاموں کا تجربہ رکھنے والے اور مبلغ کوالٹی کے **مدرسین، ناظمین، قاری صاحبان** کو بھی **مشاورتوں کا رکن / نگران** بنایا جائے۔

14. نگرانِ صوبائی مشاورت، **12 ماہ سفر** مکمل کرنے والوں کو بھی تنظیمی ذمہ داریاں دیں۔ (شعبہ مدنی قافلہ کی معاونت سے ان کا ڈیٹا حاصل کیا جا سکتا ہے)

15. ہر شعبے کا ذیلی شعبہ **"کورسز اور ٹریننگ"** ہونا چاہئے، جس نوعیت کا شعبہ ہو اس کے مطابق کورسز اور ٹریننگ سیشن ڈیزائن کیے جائیں۔ شعبہ جات کے اراکینِ شوریٰ اور نگرانِ مجالس (پاکستان)، اپنے شعبہ جات کا اس انداز سے جائزہ لیں۔ **اراکینِ شوریٰ اس پر ورکنگ** کر کے اس کی کارکردگی نگرانِ شوریٰ کو پیش کریں۔ **ہدف: 1 ماہ**

16. نگرانِ پاکستان مشاورت (حاجی محمد شاہد عطاری)، **"مدنی مشوروں کا نظام"** دوبارہ دیکھیں اور موجودہ تنظیمی سیٹ اپ کے مطابق اپ ڈیٹ کر کے ذمہ داران تک پہنچایا جائے۔ (یعنی کون سا مدنی مشورہ کتنی مدت کے بعد فزیکلی (Physically) یا ڈیجیٹلی (Digitally) کیا جائے گا؟)

17. انٹرنیشنل افیئرز ڈیپارٹمنٹ آفس کے ذریعے **بیرونِ ملک مبلغین کا ماہانہ جائزہ** لیا جائے، جس میں بالخصوص * پیشگی و عملی جدول * ان کے ذِمّے لگنے والے اسپیشل اہداف * تنظیمی ذمہ داری کے مطابق (مشاورت / شعبہ جات) ماہانہ کارکردگی * ذمہ داران کی تقرری * تنظیمی مسائل وغیرہ۔

18. بالخصوص بیرونِ ملک مبلغین کے جائزے میں اس انداز سے ریکارڈ اپ ڈیٹ کیا جائے کہ **مبلغ کس ملک میں کب سے ہیں؟ کن اہداف پر کیا کامیابی ملی**؟ وغیرہ۔

19. وہ اراکینِ شوریٰ جن کے پاس **بیرونِ ملک** کی بھی ذمہ داری ہے، یا ان کے تحت **ملک و بیرونِ ملک** دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات ہیں، ان اراکینِ شوریٰ کے معاونین کا بیرونِ ملک کے ذمہ داران، نگرانوں سے **رابطے کی بہترین کارکردگی** ہونی چاہئے۔

20. **بیرونِ ملک** جہاں بھی دعوتِ اسلامی کا دِینی کام کسی نہ کسی انداز سے ہو رہا ہے، وہاں پر نظام کو منظم و مضبوط کرنے کے لیے اوّلاً **نگران کا تقرر** کیا جائے، پھر موقع کی مناسبت سے شعبہ جات (مثلاً شعبہ اِصلاحِ اعمال، مدنی قافلہ، FGRF وغیرہ) کے ذمہ داران کو اس مشاورت کا رکن بناتے جائیں۔

21. ہمیں دُنیا بھر کے ہر زبان سے تعلق رکھنے والے عاشقانِ رسول تک نیکی کی دعوت پہنچانی ہے۔ اس ہدف کے مطابق عملی اِقدامات کرنے ہوں گے، مضبوط مبلغین کو لینگویج کورس کروایا جائے۔

22. جس بھی مبلغ / نگران کو بیرونِ ملک سفر کروایا جائے، وہاں کی **مقامی زبان** کچھ نہ کچھ آتی ہو تاکہ مقامی عاشقانِ رسول کے ساتھ مل کر دینی کام کرنا آسان ہو۔

23. اپنی مہارت (Skills) بڑھائیں، اچھی اچھی نیتّوں کے ساتھ انگلش بول چال کی بھی کوشش کی جائے۔

24. 12 دینی کاموں کی کارکردگی میں بالخصوص **مدنی قافلوں اور مدنی کورسز** کی کارکردگی کا **ماہانہ تقابلی جائزہ** بنایا جائے، کمزوری کی صورت میں کارکردگی بڑھانے کے اِقدامات کیے جائیں۔

25. **فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز** میں پڑھنے والوں کی کارکردگی کا بھی وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے، چھوٹے بچوں کو **آسان انداز میں حکمتِ عملی** کے ساتھ پڑھایا جائے۔ والدین سے فیڈ بیک(Feedback) لے کر بہتری(Improvement) کے اِقدامات کیے جائیں۔

26. بیرونِ ملک کے **مقامی عاشقانِ رسول** کو کسی نہ کسی دینی کام میں ضرور شامل رکھیں، تربیت کرتے رہیں، انہیں عملی طور پر آگے بڑھائیں، حوصلہ افزائی کریں۔ ان کی شمولیت سے کئی دینی کاموں کی راہیں مزید آسان ہوں گی۔ اِنْ شاءَ اللہُ الکریم

27. جن ممالک میں باقاعدہ مشاورتوں کا نظام بن چکا ہے، وہاں 12 دینی کاموں کے ساتھ دیگر اہداف کا ماہانہ / ہفتہ وار جائزہ لیا جائے۔ مثلاً **مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کی تعمیر، جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / دارالمدینہ کا قیام، مختلف مدنی کورسز، آمدن و خرچ کا جائزہ** وغیرہ۔

28. 12 دِینی کاموں اور دیگر اہداف کی **5 سالہ پلاننگ** کی جائے، پھر اس پلاننگ کے مطابق ہدف کو ہفتہ وار / ماہانہ / 2ماہ / 3ماہ بعد چیک کیا جائے۔

29. اسلامی بہنوں کے مدنی مراکز "**فیضانِ صحابیات**" کی تعمیرات کو جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے۔

30. **امیر اہلسنت** حضرت علامہ مولانا **محمد الیاس عطار** قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے بیانات / مدنی مذاکروں / ویڈیو کلپس / نگرانِ شوریٰ و دیگر مبلغین کے بیانات کی ڈبنگ(Dubbing) کے لیے **جدید ٹیکنالوجی**(Latest Technology) سے فائدہ اُٹھایا جائے۔ اس انداز سے اس پر کام کیا جائے کہ ہر زبان میں ڈبنگ(Dubbing) ہو اور ہر مسلمان کے موبائل میں ہو۔

## شعبہ ائمہ مساجد

31. بیرونِ ملک کے لیے **مختلف زبانیں** (عربی، انگلش، بنگلہ وغیرہ) بولنے والے امام صاحبان تیار کیے جائیں۔

32. بیرونِ ملک کے ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کو بھی **مختلف مدنی کورسز مثلاً** 12 دینی کام کورس، فیضانِ نماز کورس، امامت کورس وغیرہ کرواتے رہیں۔

33. ملک و بیرونِ ملک کی ایسی مساجد کا جائزہ لیا جائے جو کسی وجہ سے **بند ہیں / امام صاحبان نہیں / باقاعدہ جماعت نہیں ہوتی** وغیرہ، ایسی مساجد کی آبادکاری کے لیے ذمہ داران پلاننگ کریں۔

34. **جامعۃ المدینہ کے اساتذہ و طلبہ کرام** بھی اپنے آپ کو امامت کے لیے پیش کریں، امامت بہت بڑی سعادت ہے۔

## فیضان آن لائن اکیڈمی

35. اراکینِ شوریٰ، فیضان آن لائن اکیڈمی (بوائز، گرلز) کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیں، جو آن لائن کورسز کر چکے ہیں، ان کا ریکارڈ محفوظ کیا جائے تاکہ مختلف مواقع پر ان کو دینی کاموں (ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرہ، مدنی قافلے، اعتکاف وغیرہ) میں شمولیت کی دعوت دی جاسکے۔

36. ذمہ داران کو بالخصوص آن لائن کورسز (فرض علوم کورس، فیضانِ نماز کورس، امامت کورس) **کی ترغیبات کا** سلسلہ جاری رکھنا چاہیے۔ آن لائن کورسز کی تفصیلی معلومات کے لیے اس نمبر اور ویب سائٹ پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ **www.quranteacher.net/+92 313 9292992**

## یومِ دعوتِ اسلامی کی تیاری

37. **2 ستمبر 2022ء، یومِ دعوتِ اسلامی** خوب دُھوم دھام سے منایا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الکریم

## شعبہ روحانی علاج

38. "**شعبہ روحانی علاج**" کی کارکردگی مزید مضبوط و منظم کرنے کے لیے ممالک / شہروں کی لسٹ بنائی جائے، جہاں ابھی تک روحانی علاج کے بستوں کا آغاز نہیں ہوا، ایسے مقامات کو ہائی لائٹ (Highlight) کیا جائے، ہر ملک کی صورتِ حال کے مطابق نئے بستے کھولنے، مشاورتیں مکمل کرنے، ذمہ داران کے انتخاب (Selection) کے لیے تربیتی اجتماع اور **دُعائے شفاء اجتماع** کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

39. شعبہ ائمہ مساجد کے تحت ائمہ کرام بھی شعبہ روحانی علاج سے تربیت لے کر اپنی ہی مسجد میں **روحانی علاج کا بستہ** لگائیں۔

## شعبہ ائمہ مساجد

40. امام صاحبان اگر کسی عذر کی وجہ سے کسی اور مقام پر مدنی قافلے میں سفر نہ کر سکیں تو اپنی ہی مسجد میں 3 دن مدنی قافلے کے جدول کے مطابق گزاریں، اس مدنی قافلے کے لیے اپنی مسجد کے نمازیوں کو بھی تیار کریں، اس طرح یہ **3 دن کا مدنی قافلہ** بھی شمار ہو گا۔

## شعبہ خدام المساجد والمدارس

41. اس شعبے کے تحت مساجد کے لیے ملنے والے پلاٹس کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے، **پلاٹس کے حصول** کے بعد مسجد کی مکمل تعمیر ہونے تک کے تمام کاموں کا ہدف طے ہونا چاہیے، پھر اس کے مطابق ہفتہ وار / ماہانہ / 2 ماہ / 3 ماہ بعد ترقی کا موازنہ کیا جائے۔

42. ملک و بیرونِ ملک ایسی جگہوں پر **مسجد / جائے نماز** کی ترکیب کی جائے، جہاں مساجد کی کمی ہے۔

43. کسی بھی سطح کے ذمہ دار کی **تبدیلی / تقرری** کے وقت تمام **ڈیٹا نئے ذمہ دار کو ٹرانسفر** ہونا چاہئے تاکہ وہ سابقہ ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے آئندہ کے لیے عملی اِقدامات کر سکے۔

44. ہر ملک کے **مسلمانوں کی آبادی** کی معلومات لی جائیں، پھر اس پر غور کیا جائے کہ ان میں سے ہم کتنوں تک دعوتِ اسلامی کا دینی پیغام پہنچا چکے، کتنے ہمارے رابطے میں ہیں؟۔

45. انٹرنیشنل افیئرز ڈیپارٹمنٹ کی مجلس کے تمام **اراکین کا 12 ماہ میں کم از کم 2 ملکوں میں** دینی کاموں کے لیے سفر کا جدول ہونا چاہئے۔

46. پاکستان کے علاوہ بالخصوص **ہند، بنگلہ دیش، افریقہ، UK، یورپ** کے اسلامی بھائیوں کو دینی کاموں میں مزید آگے بڑھاتے چلے جائیں۔

47. بیرونِ ملک کے ذمہ داران کے سُنّتوں بھرے اجتماع میں **شعبہ جات کے ذمہ داران** اگر شرکت کرنا چاہیں تو اپنے ذاتی اخراجات پر سفر کر سکتے ہیں۔

48. **چائنیز** میں کام کرنے والی مُسلم انجمنوں کے سربراہان سے بھی ملاقات کی جائے، انہیں دعوتِ اسلامی کا تعارف پیش کیا جائے۔

49. **1 اگست تا 14 اگست 2022ء "شجر کاری مہم"** چلائی جائے گی، **FGRF** کے ذمہ داران کی مشاورت سے بالخصوص سرکاری اِداروں کے ساتھ مل کر اس مہم میں حصہ لیا جائے۔

50. ہر ملک کی مسلم آبادی میں دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں کو مضبوط کیا جائے، اس ملک کی **مقامی و ملکی زبانوں میں اجتماعات** کئے جائیں۔

## انٹرنیشنل افیئرز کے ذمہ داران کا 7 دن کا سُنّتوں بھرا اجتماع

51. **23 تا 29 ستمبر 2022ء**، (متوقع 27 صفر المظفر تا 3 ربیع الاول 1444ھ، بروز جمعہ تا جمعرات) عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں **بیرونِ ملک کے ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع** ہو گا جس میں ریجن نگران (ممالک نگران) اور ملکی مشاورت نگران شرکت کریں گے۔

(**نوٹ:** متعلقہ ذمہ داران اس کی بھرپور تیاری کریں نیز جن ممالک سے پاکستان کے **ویزہ پراسس** (Visa Process) کیلئے Invitation Letter کی حاجت ہو وہ انٹرنیشنل افیئرز آفس میں رابطہ فرمائیں)۔

E-Mail: int.office@dawateislami.net

Whatsapp Number:+ 92 316-3784755

52. کسی بھی سطح پر کوئی بھی **ذمہ داری** قبول کرنے کے بعد جوابدہی بھی لازم ہے۔

53. **اُمّتِ مصطفٰی کا درد** (نمازوں سے دُوری، علمِ دین کی کمی، مساجد کی ویرانی) بندے کو دینی کام کرنے پر اُبھارتا ہے۔

54. بیرونِ ملک کے تمام ذمہ داران کو بھی دعوتِ اسلامی کی مختلف **پالیسیز سے اپڈیٹ** کرتے رہیں۔

55. ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی مہارت(Skills)کو مزید ترقی(Enhancement) دینے کے لیے **مختلف کورسز** کریں۔

56. **نگرانِ پاکستان مشاورت**،حاجی ابورجب محمد شاہد عطاری 12 ماہ میں **3ماہ بیرونِ ملک** سفر کا جدول بنائیں،**ربیع الاول1444ھ میں UK** کاسفر کریں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

57. حاجی امین قافلہ عطاری،حاجی فضیل رضا عطاری اور حاجی عقیل عطاری مدنی **ہر دُوسرے ماہ بیرونِ ملک سفر** کریں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

58. **شعبہ مدنی قافلہ اور شعبہ اصلاحِ اعمال** کی ماہانہ کارکردگی مرکزی مجلس شوریٰ کے فولڈر میں ڈالنا متعلقہ رکنِ شوریٰ کی ذمہ داری ہے۔

59. بیرونِ ملک **مدرسۃ المدینہ بالغان** کے دِینی کام کو مزید مضبوط کیا جائے۔

60. انٹرنیشنل افیئرز آفس کے ذمہ دار، نگرانِ مجلس(پاکستان مشاورت آفس)کی باہمی مشاورت سے **پاکستان مشاورت آفس** میں نافذ سسٹم (شعبہ جات کی تقسیم وغیرہ) اپنے آفس میں بھی نافذ کریں۔ **ہدف:7دن**

61. جب بھی کوئی کام کریں **تو گہرائی میں جاکر**، سمجھ کر، سوچ کر پلاننگ بنا کر کریں، اس وقت اس کام کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیں۔

62. انٹرنیشنل افیئرز ڈیپارٹمنٹ کے تحت ملٹی لینگوئج(Multi Language) **امامت کورس سینٹر** قائم کئے جائیں۔

63. ٹیسٹ مجلس کی طرف سے ٹیسٹ کے دوران سوال جواب کا انداز **نرمی وشفقت** والا ہونا چاہئے۔

64. پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی **"امامت کورس"** ڈیزائن کیے جائیں، تاکہ وہاں کے مقامی عاشقانِ رسول کو یہ کورس کرنے میں آسانی ہو اور پھر اُنہی کے ملک میں امامت کے ذریعے مساجد کو آباد کیا جاسکے۔

65. کسی بھی کام کی مضبوطی کے لیے اوّلاً سسٹم بنایا جاتا ہے، پھر اس **سسٹم کو مضبوط** کیا جاتا ہے۔

66. **دورۂ حدیث سے فارغ التحصیل** ہونے والوں کو مختلف تنظیمی ذمہ داریاں دینے کے لیے ورکنگ کی جائے، فراغت سے پہلے ہی ان کا ریکارڈ مکمل کر لیا جائے اور ان کو ذمہ داریوں سے آگاہ کر دیا جائے۔

67. شعبہ ائمہ مساجد کے تحت ائمہ کرام میں **12 دینی کام بڑھانے کی ترغیبات** کا سلسلہ جاری رکھا جائے، اہداف دیئے جائیں، ان کے مدنی مشوروں میں نمایاں کارکردگی پر تحائف کی ترکیب کی جائے۔

## مرکزی مجلس شوریٰ کے اگلے مدنی مشورے کی تاریخ

| تاریخ عیسوی | تاریخ ہجری | دن | وقت |
|---|---|---|---|
| 7، 8، 9نومبر 2022ء | 12، 13، 14 ربیع الاخر1444ھ | پیر، منگل، بدھ | دن 2:00 تا رات وقتِ مناسب |

تاریخِ اجراء:6ذوالحجۃ الحرام1443ھ/06جولائی2022ء